Sociology - FA Part 1 Sociology Full Book Short Questions Test

Q1. رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسی تعلیم جو سکول،کالج اور یونیورسٹیوں میں دی جاتی ہے اور جس میں اساتذہ اور طلبہ کا کردار متعین ہو اور جس کا باقاعدہ کوئی سلیبس ہو رسمی تعلیم کہلاتی ہے.

Q2. پاکستانی معاشرے میں ثقافتی تغیر کی دو مثالیں لکھیں.

Ans 1: 1.انگریزی زبان. 2.کوٹ اور پتلوں مغرب کے معاشروں سے خاص طور پر برطانیہ سے ہماری ثقافت میں آئے تھے،ہماری ثقافت نے انہیں قبول کر لیا اور اپنا لیا. ہم نے بذریعہ ثقافتی نفوذ اپنائی اور اس نے ہماری ماشرتی زندگی میں انقلاب برپا کر دیا.

Q3. عطائی منصب کیا ہوتا ہے؟

Ans 1: عطائی منصب سے مراد وہ منصب ہے جو پیدائشی طور پو کسی فرد کو خود بخود حاصل ہوتا ہے،فرد اس کے حصول کے لیے کوشش نہیں کرتا.

Q4. معاشرتی تفاعل کی تعریف کریں.

Ans 1: "سماجی تفاعل سے مراد ایک ایسا عمل یا واقعہ ہے جس میں فریقین ایک دوسرے کے بیرونی افعال یا دماغی حالت کو متاثر کریں"

Q5. پنجابی ثقافت کے خواص بیان کریں.

Ans 1: 1.زیادہ تر لوگ زراعت کے پیشے سے وابستہ ہیں. 2.خواتین میں ملازمت و تعلیم مقبول ہے اور عورتوں کی تعلیم کی شرح زیادہ ہے.

Q6. ڈبلیو نی سمز نے عمرانیات کی تعریف کس طرح کی.

Ans 1: ڈبلیو -جی-سمز نے عمرانیات کی تعریف میں کہا گیا. "عمرانیات معاشرے کی سائنس ہے." یعنی معاشرے میں جو واقعات ، حالات، حادثات رونما ہوتے ہیں-جو تبدیلیاں آتی ہیں-جتنے انقلاب آتے ہیں- لوگوں کی معاشرتی زندگی میں جتنے اتار چڑھاؤ آتے ہیں-لوگوں کی زرعی زندگی ، زلزلہ اور دوسری آفتوں سے پیدا ہونے والے مسائل ، ناخواندگی ، پست معیار تعلیم اور طلبہ کی کثرت سے امتحانوں میں ناکامی ، غربت گھریلو زندگی ، شادی بیاہ، میاں بیوی کے مابین جھگڑا، معاشرتی درجہ بندی ، علیحدگی و طلاق سب عمرانیات کے علم کا حصہ ہے.

Q7. پاکستانی ثقافت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: پاکستان کی ذیلی ثقافتوں کے خواص میں مماثلت اور ان کے مزاج سے جو ایک مرکب ثقافت وجود میں آتی ہے وہ پاکستان کی ثقافت کہلاتی ہے.

Q8. معاشرتی معلومات کی اقسام لکھیں.

Ans 1: لوک ریت یا عوامی روایات یا مروجہ آداب 2.معروف آداب یا شائستہ آداب 3.قوانین.

Q9. تصادم قدر کی دو وجوہات تحریرکریں.

Ans 1: 1.معاشرتی تغیر 2.غیر لچکدار ثقافت

Q10. تصادم قدر سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ہر معاشرے میں اقدار کا تصادم پایا جاتا ہے.ہر معاشرہ تغیر پذیر ہے جس کی وجہ سے ثقافتی اقدار میں تبدیلی آتی رہتی ہے،پرانی اقدار کی جگہ نئی اقدار لیتی ہیں.فرد کو بعض اوقات ایک ہی حالات میں کافی اقدار کا سامنا ہوتا ہے ،وہ ان میں سے کسی ایک کو اپناتا ہے.لیکن اس کے لیے ان میں سے کسی کو منتخب کرنا آسان نہیں ہوتا.